Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو سَلِیس ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچہ پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) جو عبارت بول چال کے مطابق ہو، اسے کیا کہتے ہیں؟

الف۔ شعر　　ب۔ نثر

ج۔ غزل　　د۔ محاورہ

(ii) نظم "حبِ وطن" کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

الف۔ مرثیہ　　ب۔ مسدس

ج۔ مثنوی　　د۔ رباعی

(iii) نظم "آدمی نامہ" کس نے لکھی ہے؟

الف۔ الطاف حسین حالی　　ب۔ علامہ اقبال

ج۔ اکبرالہ آبادی　　د۔ نظیر اکبرآبادی

(iv) شاملِ نصاب سبق "نبی کریم ﷺ کی ہجرت" کس کتاب کا حصہ ہے؟

الف۔ رحمتِ عالم　　ب۔ بہارستان

ج۔ حیاتِ جاوید　　د۔ سخندانِ فارس

(v) جس فعل کا مفعول نہ ہو، اُسے کیا کہتے ہیں؟

الف۔ فعل معروف　　ب۔ فعل مجہول

ج۔ فعل متعدی　　د۔ فعل لازم

(vi) مولوی محمد اسماعیل میرٹھی نے کس سال وفات پائی؟

الف۔ 1917ء　　ب۔ 1918ء

ج۔ 1919ء　　د۔ 1920ء

(vii) شاملِ نصاب سبق "حج اکبر" صنفِ ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟

الف۔ ڈراما　　ب۔ افسانہ

ج۔ ناول　　د۔ سفرنامہ

(viii) مولوی وحیدالدین سلیم کس یونیورسٹی میں اردو کے پروفیسر رہے؟

الف۔ پنجاب یونیورسٹی　　ب۔ پشاور یونیورسٹی

ج۔ دِلّی یونیورسٹی　　د۔ عثمانیہ یونیورسٹی

(ix) مغل بادشاہوں نے جنوبی ایشیا پر قریب قریب کتنے سال حکومت کی؟

الف۔ دوسو سال　　ب۔ تین سو سال

ج۔ چار سو سال　　د۔ پانچ سو سال

(x) دھوئے دھائے برتن کس پر چنے تھے؟ (بحوالہ سبق۔ اردو کی آخری کتاب)

الف۔ میز پر　　ب۔ دیوار پر

ج۔ صندوق پر　　د۔ پلنگ پر

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

(xi) آکسفورڈ میں ہندوستانی طلبہ کی مجلس 'نورتن' کے نام سے کس نے قائم کی تھی؟
الف۔ قائداعظم ب۔ سرسید احمد خان
ج۔ علامہ اقبال د۔ مولانا محمد علی جوہر

(xii) پطرس بخاری کا اصل نام کیا تھا؟
الف۔ سید احمد شاہ ب۔ سید محمد شاہ
ج۔ سید علی شاہ د۔ سید حسن شاہ

(xiii) مسلم قوم کے قومی کردار کی بنیاد کس پر ہے؟
الف۔ ایمان پر ب۔ جغرافیہ پر
ج۔ سائنس پر د۔ دنیا پر

(xiv) میر معصوم شاہ کو کس چیز کا بہت زیادہ شوق تھا؟
الف۔ پھولوں کا ب۔ کپڑوں کا
ج۔ افسانوں کا د۔ عمارتوں کا

(xv) علی گڑھ کالج کس نے قائم کیا تھا؟
الف۔ شبلی ب۔ سرسید احمد خان
ج۔ حالی د۔ ڈپٹی نذیر احمد

(xvi) نظم "مردِ مجاہد" کس نے لکھی ہے؟
الف۔ علامہ اقبال ب۔ اکبر الٰہ آبادی
ج۔ مولوی شفیع الدین نیر د۔ غالب

(xvii) "آپ کا نام کیا ہے؟" یہ کونسا جملہ ہے؟
الف۔ فعلیہ ب۔ استفہامیہ
ج۔ شرطیہ د۔ منفی

(xviii) میاں نصوح کون سی بیماری میں مبتلا ہوا؟
الف۔ ملیریا ب۔ بخار
ج۔ ہیضہ د۔ ٹی بی

(xix) سبق 'جیسی کرنی ویسی بھرنی' میں بڑے شہزادے کی عمر کتنے برس تھی؟
الف۔ سترہ برس ب۔ اٹھارہ برس
ج۔ انیس برس د۔ بیس برس

(xx) فرحت اللہ بیگ کے مطابق آج کل کس کے قصیدے کی طرح کس کو شہرت راس نہیں آتی؟
الف۔ فیض احمد فیض ب۔ میر تقی میر
ج۔ مومن خاں مومن د۔ مرزا غالب

---

برائے ممتحن : کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: ____

# اُردو سلیس ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 20)

سوال نمبر۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (5x4=20)

(i) میر معصوم شاہ بکھری کے چار کارنامے تحریر کریں۔

(ii) چار استفہامیہ جملے لکھیں۔

(یا)

شرط اور جزا کے جملوں کی وضاحت مثال دے کر کریں۔

(iii) حمد اور نعت کی تعریف لکھیں۔

(iv) درج ذیل میں سے کوئی سے چار الفاظ محاورات کو اس طرح جملوں میں استعمال کریں کہ مطلب واضح ہو جائے:

راس آنا ، آگ بگولہ ہونا ، ترکش ، دل رُبا ، مرقوم

(v) فعل لازم اور فعل متعدی کا فرق واضح کریں اور ایک ایک مثال دیں۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 60)

سوال نمبر۳: سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+6=8)

الف۔ ملک کے لوگ اس برف کے کیڑے ہیں۔ انھیں یہ سردی کچھ بہت دکھ نہیں دیتی۔ اس لیے بازار چلتے رہتے ہیں۔ حاجت مند بچارے یا اکثر مصیبت کے مارے سفر بھی کرتے ہیں۔ ان کے نمدی چغوں پر برف پڑی ہوئی، پلکوں پر برف جمی ہوئی، مونچھیں اور داڑھی میں گویا شیشے کی سلائیاں لٹکتی ہیں۔ اس عالم میں پرند، جانور بھی کم نکلتے ہیں۔

ب۔ علامہ اقبال بچپن میں قرآن مجید پڑھ چکے تھے، روزانہ صبح اس کی تلاوت کرتے تھے۔ اپنے والد مرحوم کی ایک نصیحت کا اکثر ذکر فرماتے کہ ''انھوں نے یہ ہدایت کی تھی کہ جب قرآن پڑھو تو دل میں یہ خیال کرو کہ اللہ تعالیٰ نے یہ کتاب میرے لیے بھیجی ہے اور وہ خود مجھ سے فرما رہا ہے''۔ جب میں نے ان کی اس بات پر عمل کیا، تب مطلب سمجھنے کی کوشش بھی کرتا رہا۔ اس سے میری عقل بڑھتی گئی اور غور و فکر کی عادت ہو گئی۔

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (8)

الف۔
انسان بھی ہیں تیرے
حیوان بھی ہیں تیرے
جان دار بھی ہیں تیرے
بے جان بھی ہیں تیرے
ہر اِک غلام تیرا
پیارا ہے نام تیرا

ب۔
احسان کے ہے گر، صلے کی خواہش تم کو
اس سے تو یہ بہتر ہے کہ احساں نہ کرو
کرتے ہو گر، احسان تو کر دو اسے عام
اتنا کہ جہاں میں کوئی ممنون نہ ہو

سوال نمبر۵: چھوٹے بھائی کے نام خط لکھ کر اسے اپنی تعلیمی کارکردگی بہتر کرنے کی نصیحت کریں۔ (9)

(یا)

دوست / سہیلی کو خط لکھ کر موبائل فون کے نقصانات کے متعلق بتائیے۔

سوال نمبر۶: اپنی کتاب سے زبانی یاد پانچ اشعار لکھیے۔ (اس پرچہ میں دیے ہوئے اشعار نہ ہوں) (5)

سوال نمبر۷: گاہک اور دکاندار کے درمیان مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر۸: درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (5)

(i) حج اکبر (ii) اُردو کی کہانی

سوال نمبر۹: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں جو 250 الفاظ سے کم نہ ہو: (20)

(i) میری پسندیدہ شخصیت (ii) اردو زبان اور ہمارا نظامِ تعلیم

(iii) کمپیوٹر۔ دورِ حاضر کی حیرت انگیز ایجاد (iv) وجودِ زن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ